© rasailojaraid.com



عبدالحقؒ سے بھی آپ نے موطا پڑھی تھی۔ زندگی بھر درس و تدریس، علم و عمل و رشد و ہدایت کے شعبوں سے وابستہ رہے۔ خصوصاً حضرت مولانا عبداللہ درخواستی نوراللہ مرقدہ کیساتھ آپ کا بڑا جذباتی لگاؤ تھا۔ حضرتؒ بھی آپ سے بڑی شفقت فرماتے تھے، انہی کی تحریک پر جامعہ مخزن العلوم خانپور میں آپ صدر مدرس اور منتظم بنے۔ یوں تو آپ کے علم و فضل سے ہزاروں شاگرد فیضیاب ہوئے ہیں لیکن چند ممتاز شاگردوں میں حضرت مولانا منظور احمد نعمانی ظاہر پیر، حضرت مولانا میاں مسعود احمد دین پور، مولانا عبدالشکور دین پوریؒ، مولانا عبدالغفور حیدری، مولانا حافظ حسین احمد صاحب، حضرت مولانا عبدالقادر آزاد، حضرت مولانا فداالرحمٰن درخواستی وغیرہ نمایاں ہیں۔ اولاد میں مولانا محفوظ الرحمٰن شمس، ماشاءاللہ آپ کے فرزند رشید اور باصلاحیت عالم دین ہیں۔ ادارہ تمام پسماندگان سے دلی تعزیت کرتا ہے۔

## مردان میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی قیادت میں امن ریلی:

۲۱؍اپریل (مردان) دارالعلوم کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ اور شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب مدظلہ کی قیادت میں امریکہ کے خلاف ایک عظیم الشان ریلی منعقد ہوئی۔ یہ اجتماع امریکہ میں قرآن پاک کی بے حرمتی، امریکی ڈرون حملوں اور لیبیا پر امریکی جارحیت کے خلاف منعقد ہوا۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے فرمایا کہ امریکہ گریٹر اسرائیل کے قیام کے مذموم ایجنڈا کیلئے لیبیا سمیت عرب ممالک میں مداخلت کر رہا ہے، مسلمانوں کو حرمین کے دفاع کے لئے خود کو ایک بڑی جنگ کے لئے تیار رکھنا ہوگا۔ مولانا مدظلہ نے کہا کہ قبائلی علاقوں میں معصوم شہریوں پر ڈرون حملے اور قرآن کی بے حرمتی سے امریکہ کا مکروہ چہرہ بے نقاب ہوگیا ہے، حالات کا تقاضا ہے کہ مسلمان امریکی مظالم کے خلاف متحد ہوجائیں، جمعیۃ علماء اسلام کے سربراہ مولانا سمیع الحق نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ امریکہ کے اتحاد سے نکل کر آزادانہ خارجہ پالیسی مرتب کرے، انہوں نے کہا کہ حکمران امریکہ کے ایجنٹ بنے ہوئے ہیں، تاہم عوام ملک کو امریکہ کی کالونی نہیں بننے دیں گے، انہوں نے کہا کہ ملک کے اندر انقلاب ہماری منزل ہے یہ اسلامی انقلاب ہوگا جس کے لئے عوام کو تیار رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ قبائلی علاقوں میں معصوم شہریوں پر ڈرون حملے کر رہا ہے، لیبیا سمیت دیگر عرب ممالک میں مداخلت کر رہا ہے، جبکہ قرآن پاک کی بے حرمتی بھی کی جارہی ہے، ان حالات میں بھی مسلمان کسی کے مذہب پروار کرنے کی بجائے امن ریلیاں نکال کر اپنا احتجاج کر رہے ہیں کیونکہ اسلام مسلمانوں کو امن کا درس دیتا ہے، انہوں نے کہا کہ ہم امریکی غلامی کسی صورت قبول نہیں کریں گے، اگر فاٹا پر ڈرون حملے بند نہ ہوئے اور حکمرانوں نے امریکہ کے ساتھ وفاداری کا طرز عمل جاری رکھا تو پھر ہم پشاور سے کراچی تک سڑکوں پر آکر احتجاج کریں گے۔ ریلی سے جمعیۃ کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالرؤف فاروقی، مولانا حامد الحق حقانی، جناب اکرام اللہ شاہد، مولانا سید یوسف شاہ اور مولانا شاہ عبدالعزیز اور مقامی رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔

© rasailojaraid.com